حیسکو پریس ریلیز مورخہ 30.07.2026:

بجلی چور ہمارا دشمن ہے، ہماری تمام تر توجہ بجلی چوروں کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہنگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویزن میراں محمد شاہ، شہید امید علی، ٹنڈو الہیار-I، کوٹری، مکلی، بدین، سندھڑی، سٹیلائیٹ ٹاؤن اور ہیرآباد میرپور خاص میں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 227 غیر قانونی کنیکشن منقطع کیے گئے، 950 میٹر پی وی سی قبضے میں لے لی گئی، جبکہ واجبات کی مد میں 41 لاکھ سے زائد کے وصولی کی گئی۔ حیسکو ترجمان۔

19 جنوری 2025 سے جاری آپریشن کے دوران اب تک 65411 غیر قانونی کنیکشن منقطع کیے جا چکے ہیں جب کہ 1050 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، 3017 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کیے گئے 362780 میٹر پی وی سی منقطع کی گئی ہے، 863 عدد ٹرانسفارمرز منقطع کیے گئے ہیں، جبکہ واجبات میں سے 1 ارب 38 کروڑ 88 لاکھ سے زائد ریکور کیے گئے ہیں۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر بجلی چوروں اور نادہنگان کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہنگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو (ڈسکوز سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویزن میراں محمد شاہ، شہید امید علی، ٹنڈو الہیار-I، کوٹری، مکلی، بدین، سندھڑی، سٹیلائیٹ ٹاؤن اور ہیرآباد میرپور خاص میں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 227 غیر قانونی کنیکشن منقطع کیے گئے، 950 میٹر پی وی سی قبضے میں لے لی گئی، جبکہ واجبات کی مد میں 41 لاکھ سے زائد کے وصولی کی گئی، 19 جنوری 2025 سے جاری آپریشن کے دوران اب تک 65411 غیر قانونی کنیکشن منقطع کیے جا چکے ہیں جب کہ 1050 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، 3017 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کیے گئے 362780 میٹر پی وی سی منقطع کی گئی ہے، 863 عدد ٹرانسفارمرز منقطع کیے گئے ہیں، جبکہ واجبات میں سے 1 ارب 38 کروڑ 88 لاکھ سے زائد ریکور کیے گئے ہیں، تفصیلات کے مطابق ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن کی ہدایت پر ڈویزن لطیف آباد 1 کی سب ڈویزن میراں محمد شاہ ہالی روڈ، لطیف آباد-II، کی سب ڈویزن شہید امید علی اور ڈویزن ٹنڈو الہیار کی سب ڈویزن ٹنڈو الہیار-I میں کارروائیوں کے دوران 62 غیر قانونی کنیکشن منقطع 180 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 18 لاکھ سے زائد کی ریکوری کی گئی، اسی طرح ایس ای آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ کی ہدایت پر ڈویزن کوٹری کی سب ڈویزن کوٹری ڈویزن ٹھٹہ کی سب ڈویزن مکلی اور ڈویزن بدین کی سب ڈویزن بدین میں کارروائیوں کے دوران 143 غیر قانونی کنکشن اور 465 میٹر غیر قانونی لگائی گئی بجلی کی تاریں کاٹ کر تحویل میں لی گئیں جبکہ واجبات کی مد میں 17 لاکھ سے زائد کی ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل نواب شاہ گلزار احمد دستی کی ہدایت پر سانگھڑ ڈویزن کی سب ڈویزن سندھڑی میں کارروائیوں کے دوران 80 میٹر غیر قانونی لگائی گئی بجلی کی تاریں کاٹ کر تحویل میں لی گئیں جبکہ واجبات کی مد میں 1 لاکھ سے زائد کی ریکوری کی گئی، جبکہ ایس ای میرپور خاص فرمان علی ڈھانی کی ہدایت پر ڈویزن میرپور خاص کی سب ڈویزن سٹیلائیٹ ٹاؤن اور ہیرآباد میرپور خاص مین کارروائیوں کے دوران 22 غیر قانونی کنکشن اور 225 میٹر غیر قانونی لگائی گئی بجلی کی تاریں کاٹ کر تحویل میں لی گئیں جبکہ واجبات کی مد میں 3 لاکھ سے زائد کی ریکوری کی گئی، واضح رہے کہ حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایات پر نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں واجبات کی 100 فیصد وصولی یقینی بنائیں اور صارفین اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری ادا کریں بصورت دیگر بجلی منقطع کی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے صارف کی گرفتاری عمل میں لائے جائے گی اور بجلی چوری کرنے والا ملک وقوم کا مجرم ہے لہذا کسی بھی صورت نہیں چھوڑا جائے گا، اس کے ساتھ ساتھ مختلف سب ڈویژنوں نے اپنے اپنے علاقوں میں بلوں کی ادائیگی کے لیے اعلانات کا سلسلہ بھی جاری رکھا ہوا ہے، حیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ بجلی کے بل بروقت جمع کروائیں اور اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری طور پر ادا کریں بصورت دیگر رینجرز، پولیس اور دیگر حساس ادارے اس صارف کو پکڑے گے تو وہ خود اس کا ذمہ دار ہوگا ہماری کارروائیاں بلاتفریق جاری ہیں اور بجلی چوری کے خاتمہ تک جاری رہیں گیں، بجلی چور ملک، قوم اور حیسکو کی ترقی میں رکاوٹ ہیں، عوام کھلی کچہریوں میں بھرپور آئیں اور اپنے جائز مسائل حل کرائیں، اسکے ساتھ ساتھ عوام کو چاہئے کہ واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کی جائے تاکہ بجلی کی فراہمی میسر ہو سکے، بصورت دیگر بجلی منقطع کرنے کے علاوہ سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ عوام بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف حیسکو کا ساتھ دیں تاکہ اس برائی کو مکمل ختم کیا جا سکے، بجلی کے بل بروقت ادا کریں تاکہ حیسکو آپ کو مزید بجلی کی بہتر سروس فراہم کر سکے، کیونکہ حیسکو ایک کمرشل ادارہ ہے، جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا نظام نہیں چلا سکتا۔ آپ کے تعاون کے متمنی حیسکو۔






حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہنگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو (ڈسکوز سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویزن میں بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں